Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

# ینگ کئیرر گرانٹ

**ینگ کیئرر گرانٹ کیا ہے؟**

یہ سکاٹ لینڈ میں رہنے والے 16، 17 یا 18 سال کی عمر کے ینگ کیئرر یعنی نوجوان دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے £390.25 کی سالانہ ادائیگی ہے۔ یہ اپنی مرضی کے مطابق خرچ کرنے والا ایک نقد بینفٹ یعنی مالی وظیفہ ہے اور وہ درخواست دے سکتے ہیں اگر وہ اسکول میں ہوں، مزید تعلیم میں ہوں، برسر روزگار ہوں یا بے روزگار ہوں۔

**کون اسے حاصل کر سکتا ہے؟**

نوجوان دیکھ بھال کرنے والے ینگ کیئرر گرانٹ کے اہل ہو سکتے ہیں اگر وہ ذیل کے تمام معیارات پر پورا اترتے ہیں:

- وہ سکاٹ لینڈ میں رہتے ہیں
- ان کی عمر 16، 17 یا 18 سال ہے
- وہ پچھلے 3 مہینوں سے ہفتے میں اوسطاً 16 گھنٹے دیکھ بھال کر رہے ہیں۔ وہ جو مدد فراہم کرتے ہیں وہ جسمانی، ذہنی یا جذباتی ہو سکتی ہے
- جس شخص یا لوگوں کی دیکھ بھال کی جا رہی ہے وہ کوالیفائنگ بینفٹ* یعنی جس مالی امداد کے حقدار ہیں وہ حاصل کر رہے ہیں
- وہ ایک رضاکار کے طور پر درخواست میں شامل لوگوں میں سے کسی کی نگہداشت نہیں کر رہے
- درخواست میں شامل کسی بھی شخص کی دیکھ بھال کے لیے انہیں ادائیگی نہیں کی جا رہی
- انہوں نے سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ سے کیئر سپورٹ پیمنٹ، محکمہ برائے کام و پنشن سے کیئررز الاؤنس یا نارتھ آئرلینڈ کے کیئررز الاؤنس کے لیے درخواست نہیں دی ہے اور نہ ہی انہیں یہ رقم موصول ہوئی ہے۔

* پرسنل انڈیپنڈنس پیمنٹ (PIP) کا روزمرہ زندگی کا جزو ، آڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کا روزمرہ زندگی کا جزو ، ڈس ایبلٹی لیونگ الاؤنس (DLA) کی اوسط یا سب سے زیادہ دیکھ بھال کی شرح بشمول چائلڈ ڈس ایبلٹی لیونگ الاؤنس، چائلڈ ڈس ایبلٹی کی اوسط یا سب سے زیادہ دیکھ بھال کی شرح ادائیگی، اٹڈینس الاؤنس، آرمڈ فورسز انڈیپنڈنس پیمنٹ، کانسٹنٹ اٹینڈنس الاؤنس۔ اگر جس شخص کی دیکھ بھال کی جا رہی ہے اس کو کانسٹنٹ اٹینڈنس الاؤنس یعنی مستقل دیکھ بھال کا الاؤنس ملتا ہے، تو اسے یا تو حاصل کرنے کی ضرورت ہے: انڈسٹریل انجریز ڈس ایبلمنٹ بینیفٹ (عام شرح پر یا اعلیٰ شرح پر) یا وار ڈس ایبلمنٹ پنشن (بنیادی شرح پر)۔

**ادائیگی کتنی ہے اور اسے کس چیز کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے؟**

یہ £390.25 کی ادائیگی ہے۔ یہ ان کی مرضی ہے کہ وہ کس چیز پر یہ پیسے خرچ کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔

**اگر 1 سے زیادہ فرد کسی کی دیکھ بھال کر رہے ہیں، تو کیا وہ سب درخواست دے سکتے ہیں؟**

اگر 1 سے زیادہ دیکھ بھال کرنے والے نگہداشت کیے جانے والےایک ہی فرد کے لیے درخواست دیتے ہیں، تو صرف پہلی مستحق درخواست کو ہی گرانٹ ملے گی۔ اگر نوجوان نگہداشت کار 16، 17 یا 18 سال کی عمر کے کسی اور کے ساتھ مشترکہ نگہداشت فراہم کرتا ہے، تو انہیں اس بات سے اتفاق کرنا چاہیے کہ گرانٹ کے لیے کس کو درخواست دینی چاہیے۔

تاہم، گرانٹ کے ساتھ ساتھ، نوجوان نگہداشت کاران اپنے ینگ اسکاٹ کارڈ پر اضافی غیر نقد بینفٹس کے بھی اہل ہیں۔ انہیں مخصوص اسٹورز اور مقامات پر اضافی رعایتیں اور دیگر خصوصی بینفٹ حاصل ہوں گے، بشمول سنیما ٹکٹس اور ایک ہی بار ہونے والی خصوصی تقریبات۔ ان بینفٹس یعنی مالی وظائف تک رسائی کے لیے انہیں ینگ کیئرر گرانٹ حاصل کرنے کی ضرورت نہیں۔

**اہل ہونے کے لیے انہیں کتنی دیکھ بھال کرنی ہوگی؟**

وہ پچھلے 3 مہینوں سے ہفتے میں کم از کم 16 گھنٹے اوسطاً 1 یا زیادہ لوگوں کی دیکھ بھال کر رہے ہوں گے۔ 13 ہفتے کی کوالیفائنگ مدت کے دوران دیکھ بھال میں 3 ہفتوں تک کے وقفے کی اجازت ہوگی۔
جب تک کہ وہ 13 ہفتوں کی مدت میں مجموعی طور پر 208 گھنٹے انجام دیتے ہوں۔

**درخواست دینے کے بعد انہیں اپنی ادائیگی حاصل کرنے کے لیے کتنا انتظار کرنا پڑے گا؟**

تمام معاون معلومات سمیت درخواست فارم مکمل طور پر پُر کرنے کے بعد فیصلہ کیا جائے گا۔ انہیں فیصلے کے بارے میں مطلع کیا جائے گا اور ان کی ادائیگی جلد ہی بعد میں کی جائے گی۔

**کون سی آئی ڈی اور ثبوت درکار ہوں گے؟**

درخواست دینے سے پہلے، نوجوان نگہداشت کار کو اس مالیاتی اکاؤنٹ کی تفصیلات جاننی چاہئیں جس میں وہ چاہتے ہیں کہ ادائیگی ہو ۔ اگر وہ اپنا اور ان کی نگہداشت کے تحت شخص کے نیشنل انشورنس نمبر کو جانتے ہیں تو اس سے ان کی درخواست پر تیزی سے کارروائی ہو سکے گی۔

اپنی درخواست دینے کے بعد انہیں ایک فالو اپ لیٹر موصول ہوگا جس میں انہیں بتایا جائے گا کہ تصدیق کے لیے انہیں ہمیں کس قسم کی ID بھیجنے کی ضرورت ہے۔

**کیا نوجوان نگہداشت کار کو یہ رقم واپس ادا کرنے کی ضرورت ہے؟**

نہیں، یہ ایک قرض نہیں اور اسے نوجوان نگہداشت کار کو واپس ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**رقم کس کو ادا کی جاتی ہے؟**

رقم براہ راست نوجوان نوجوان نگہداشت کار کے منتخب کردہ مالی اکاؤنٹ میں ادا کی جائے گی۔

**نوجوان نگہداشت کاران کب درخواست دے سکتے ہیں؟**

وہ 16 سے 18 سال کی عمر تک ہر سال درخواست دے سکتے ہیں اور اگر وہ ابھی بھی اہل ہیں تو انہیں ہر سال دوبارہ درخواست دینا ہوگی۔

**کیا یہ دوسرے بینفٹس یعنی مالی وظائف کو متاثر کرتی ہے؟**

نہیں، ینگ کیئرر گرانٹ کو یوکے کے بینفٹس اور ٹیکس کریڈٹ کے جائزوں کے لیے مدنظر نہیں رکھا جائے گا۔

**لوگ کیسے درخواست دیتے ہیں؟**

لوگ آن لائن **mygov.scot/benefits** پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور درخواست دے سکتے ہیں۔ وہ ذاتی طور پر، فون پر بھی درخواست دے سکتے ہیں یا ہمیں **0800 182 2222** پر مفت کال کرکے ڈاک کے ذریعے کاغذی درخواست فارم طلب کرسکتے ہیں۔

**لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟**

ہمیں اس نمبر پر مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: (ان کیلئے جنہیں سماعت کا مسئلہ ہو) 18001 +0300 244 4000

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

ویب چیٹ: chat.socialsecurity.gov.scot

**سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو فالو کریں**